تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

30-05-2023

پریس ریلیز

اسپیشل اولمپکس بھارت اتھلیٹس کے لیے جامعہ ملیہ اسلامیہ میں عام ڈینٹل چیک اپ کیمپ کا اہتمام

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ڈینٹسٹری فیکلٹی نے پچیس مئی دو ہزار تئیس کو وزارت برائے نوجوانان امور اور اسپورٹس کے تحت منظور شدہ نیشنل اسپورٹس فیڈریشن جو ذہنی طور پر معذور بچوں اور جوانوں کے کھیلوں اور زندگی کی دوسری صلاحیتوں کے فروغ کے لیے کھیل کے توسط کام کرتی ہے اس کے اسپیشل اولمپکس بھارت کے اتھلیٹس اور کوچ کے لیے خاص ڈینٹل چیک اپ کیمپ لگایا ہے۔

یہ اتھلیٹس کھیل کے متنوع شعبوں سے تھے اور وہ دو ہزار تئیس میں برلن، جرمنی منعقد ہونے والے اسپیشل اولمپکس ورلڈ سمر گیمز میں ہندوستان کی نمائندگی کریں گے۔

اس پروگرام کا مقصد اتھلیٹس کو جامع ڈینٹل نگہ داشت کے ساتھ ساتھ ان میں منھ کی صحت کے تئیں بیدار کرنا بھی تھا۔دانتوں کے ماہرین (ڈاکٹر پنچالی بترا، ڈاکٹر ادیتی ورما، ڈاکٹر سنجے مگلانی، ڈاکٹر مندیپ کور، ڈاکٹر مادھوری، ڈاکٹر سید انصاری) نے اتھلیٹس کو ضروری ڈینٹل نگہ داشت کے ساتھ ساتھ اس کے تئیں بیداری کو یقینی بنانے کے لیے اس پروگرام کا انعقاد کیا تھا۔

ڈینٹسٹری فیکلٹی کی ڈین پروفیسر کیا سرکار نے اتھلیٹس کا ان کے گارجین اور کوچوں کے ساتھ استقبال کیا۔اس موقع پر انھوں نے دانتوں کی صفائی وستھرائی کو برقرار رکھنے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔دانتوں کی صفائی اوران کی نگہ داشت کے تئیں بیداری سے متعلق اس مختصر اجلاس کا مقصد اتھلیٹس کو اس کے متعلق معلومات سے آراستہ کرنے کے ساتھ ہی منھ کی خوش گوار صحت کو فروغ دینا بھی تھا جس کے بعد ورلڈ سمر گیمز دو ہزار تئیس کے لیے ان کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا۔

پروگرام کی ابتدا ہر ایتھلیٹ کے دانت کی مکمل اور تفصیلی جانچ سے ہوئی۔ڈینٹل انٹرنس کے ساتھ ساتھ ڈینٹل فیکلٹی نے اتھلیٹس اور کوچوں کے دانتوں، مسوڑھوں، زبان اور اورل ٹشوز سمیت اورل ہیلتھ کی تحسیب کی گئی

اور مزید درکار علاج بھی دیا گیا۔

اسپیشل اولمپیکس بھارت ٹیم (بیس ایتھلیٹس اور چار کوچ) کو کیمپ سے فائدہ ہوا۔ ایتھلیٹس کو اورل ہیلتھ کیئر کٹ بھی دی گئی اور یہ جان کر خوش گوار حیرت ہوئی کہ دانتوں کی صفائی سے متعلق ایتھلیٹس کی معلومات میں کافی اضافہ ہوا ہے۔ پروگرام میں صرف فوری طور پر ناگزیر دانتوں کی صفائی کے مسئلے کو حل نہیں کیا گیا بلکہ ایتھلیٹس میں طویل مدتی اورل ہیلتھ کے پیغام کی بنیاد پڑ گئی۔

یہ ڈینٹل چیک اپ ذہنی طور پر معذور افراد میں جامعیت کے فروغ کی اہمیت کے لیے بطور یاد دہانی ہے تا کہ وہ ناگزیر ڈینٹل توجہ انھیں ملے جس کی انھیں ضرورت ہے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی